30/09/2025

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ ؑعابدہ اختر سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ترقی کو ہر سو یقینی بنانے کے لئے دیہی اور شہری علاقوں میں ترقیاتی تفاوتوں کو دور کرنے کا حکومت کا عزم دہرایا ہے ۔ جموں میں دیہی ترقی و پنچایتی راج محکمے کی طرف سے منعقدہ سیوا پرو کے تحت سوچھتا Vijayotsav سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ صفائی ستھرائی کی اہمیت کو سمجھ کر اسے اپنی زندگی کا ایک حصہ بنائیں ۔

سنہا پرو

اس دوران لیفٹنٹ گورنر نے مکانات و شہری ترقی محکمے کی طرف سے بھی منعقد کردہ سیوا پرو کے ایک پروگرام کے دوران امرُت دوم کے تحت قریب سات سو کروڑ روپے کی لاگت والے 60 پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا ۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے منوج سنہا نے ماحولیاتی چیلنجوں سے نمٹتے ہوئے بہترین شہروں کی تعمیر کے لئے دیرپا شہری بنیادی ڈھانچے کو سمارٹ ٹیکنالوجی سے جوڑنے پر زور دیا ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ ضلع گاندربل کو مسلسل ترقی کی راہ پر گامزن کیا جائے گا ۔ ضلع کے مختلف علاقوں میں 36 کروڑ 50 لاکھ روپے لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کی شروعات کرنے کے موقعہ پر انہوں نے کہا کہ آج کے پروجیکٹوں کی شروعات سے ضلع گاندربل میں تعمیر و ترقی کا ایک نیا دور شروع ہو رہا ہے ۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ موجودہ سرکار جموں کشمیر کے سبھی خطوں کی مساوی ترقی کے لئے پُر عزم ہے ۔

مرکزی سیکریٹری سنجے کمار

کے مرکزی سیکریٹری سنجے کمار نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے طالب علم نہایت Literacy ڈیپارٹمنٹ آف سکول ایجوکیشن اینڈ پُر اعتماد ہیں ۔ سرینگر اور بڈگام اضلاع کے مختلف سکولوں کے معائینے کے دوران انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بارہویں جماعت سے قبل ایک بھی بچے کا سکول نہیں چھوٹنا چاہئے ۔

قلب

ماہرین صحت نے دل کے امراض سے بچنے کے لئےایک بہتر طرز زندگی اختیار کرنے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔ آکاشوانی شعبے کے سربراہ ڈاکٹر خالد محی الدین میر Cardiology نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے سپر سپیشلٹی اسپتال سرینگر میں نے کہا کہ ایسا کرنے سے جسم کے اس اہم عضو کو صحت مند رکھاجا سکتا ہے ۔

ویلفئیر ایسو سی ایشن کشمیر کی طرف سے سرینگر میں ایک مراتھن واک کا انعقاد کیا Pensioners اسی دوران سنٹرل گورنمنٹ گیا ، جس میں سینئر شہریوں کو دل کی بیماریوں سے بچنے کے لئے جانکاری عام کی گئی ۔

سیوا پرو

سیوا پرو کے تحت وادی کے مختلف اضلاع میں متعلقہ محکموں کی جانب سے کئی پروگرام منعقد کئے گئے، جس دوران سرکار کی مختلف حصولیابیوں اور عوامی بہبود کے پروگراموں کو اجا گر کیا گیا ۔

ان پروگراموں میں بنیادی ڈھانچے کی تعمیر اورسرکاری سرگرمیوں میں عوامی شمولیت کو بھی اُجاگر کیا جا رہا ہے۔

سواستھ ناری سشکت پریوار ابھیان

دوسر ی طرف سواستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت بھی منعقد ہ پروگراموں میں خواتین کے تغذیے اور ان کی صحت پر توجہ مرکوز رہی ۔ان پروگراموں کے دوران خواتین کو با اختیا رکئے جانے کیلئے دستیاب مواقعے کو بھی اجا گر کیا گیا۔

GST

اصلاحات نافذ کرنے سے اب زندگی بخش ادویات ، کھانے پینے کی اشیاءاور کاشت کاری میں کام آنے والے GST ملک میں جدید میں کمی لائی گئی ہے۔ GST آلات کشا ورزی پر بھی

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے نوجوانوں میں تیزی کے ساتھ پھیل رہی منشیات کی لعنت پر فوری روک لگانے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔ اس سلسلے میں صوبائی کمشنر نے سینئر افسروں کے ساتھ میٹنگ کر کے کثیر جہتی حکمت عملی اپنانے پر زور دیتے ہوئے نشہ آور اشیاءکی سپلائی چین پر کڑی نگاہ رکھنے کی ہدایت دی ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت22 اعشاریہ 8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ